اردو گگن سنستھا و ماہنامہ اردو آنگن، ممبئی کے زیر اہتمام دوسرا ممبئی اُردو فیسٹیول ۲۰۲۲ء و سیمینار بعنوان '

مہاراشٹر میں اردو زبان کی صورت حال' کا کامیابی کے ساتھ انعقاد

عروس البلاد شہر ممبئی کی سرزمین پر اردو زبان و ادب کے فروغ کے حوالہ سے کریمی لائبریری، انجمن اسلام، ممبئی میں اردو گگن سنستھا و ماہنامہ اردو آنگن کے زیر اہتمام اور مہاراشٹرا اسٹیٹ اردو ساہتیہ اکادمی نیز قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی و انجمن اسلام، ممبئی کے اشتراک سے مورخہ 11 و 12 مارچ 2022ء کو "مہاراشٹرا میں اردو زبان و ادب کی صورت حال" عنوان پر ایک باوقار سیمینار منعقد ہوا۔ افتتاحی اجلاس کا آغاز مشہور صحافی و شاعر حسن کمال صاحب کے افتتاحی کلمات سے ہوا۔ صدارت کے فرائض انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی صاحب نے انجام دیئے۔ اس افتتاحی اجلاس کے خصوصی مقررین شاہد لطیف (مدیر، روزنامہ انقلاب)، ڈاکٹر شیخ عبداللہ (نائب صدر، انجمن اسلام)، ڈاکٹر محمد علی پاٹنکر و ڈاکٹر فہیم اختر (لندن) کے علاوہ مہاراشٹرا اسٹیٹ اردو ساہتیہ اکادمی کے سپرنٹنڈنٹ سی ای او جناب شعیب ہاشمی صاحب اسٹیج پر جلوہ افروز تھے۔ خصوصی طور پر تشریف لائیں بائیکلہ علاقہ کی ایم ایل اے یامنی یشونت جادھو نے موجود شائقین اردو ادب سے خطاب فرمایا۔ سیمینار کے دونوں ہی سیشن کے ناظم جناب طاہر نقاش برہانپوری نے دوران نظامت مقالہ نگاران کے تعارف میں خوبصورت اشعار پیش کر سامعین سے داد و تحسین حاصل کی۔ اس دوسرے سیشن میں نوجوان شاعر جناب آدرش دوبے کے دوسرے مجموعہء کلام "غزل کا آنگن" کی رسم اجراء عمل میں آئی۔ اس دوروزہ پروگرام میں دونوں ہی روز شہر ممبئی و ریاست مہاراشٹر کی مقتدر سماجی و ادبی ہستیاں، اسکول و کالج کے اساتذہ و طلباء و طالبات سیمینار کا حصہ تھے۔ اس سیمینار کے انعقاد میں شہر ممبئی کی تنظیم 'سیوا'، 'ظفر گورکھپوری کلچرل اور لٹریری سوسائٹی' و 'صوفی جمیل اختر لٹریری سوسائٹ نیز مجروح اکیڈمی' نے اپنا بیش قیمت تعاون پیش کیا۔ اس دوروزہ سیمینار کے انعقاد میں اردو گگن سنستھا کے صدر جناب مشیر انصاری و ماہنامہ اردو آنگن کے مدیر امتیاز گورکھپوری کے علاوہ ان کے ساتھیوں ایاز گورکھپوری، ریاض منصف، مسرور شاہجہاں پوری، نعیم انصاری، عمران ملا، حید علی راعین، اسماء انصاری، عبدالمتین خان، محترمہ تبسم منظور ناڈکر،، شکیل انصاری، محمد سلیمان، احمد چودھری، ریحان قریشی و محمد ناظم پینٹر نے اہم کردار ادا کئے جبکہ لنترانی میڈیا ہاؤس۔ ممبئی ٹائمز و punj ریڈیو نے اس پروگرام کو لمحہ بہ لمحہ نشر کیا۔ مشیر احمد انصاری، صدر اردو گگن سنستھا و مدیرِ اعلیٰ 'اردو ٓنگن' نے اس دوروزہ سیمینار کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں مدد کرنے والے تمام ہی افراد کا شکریہ ادا کیا۔

سابقہ صفحہ | اگلا صفحہ